ONE NATION ONE PASSION
PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایمرجنگ ویمنز ایشیا کپ: پاکستان نے نیپال کو 9 رنز سے شکست دے دی۔ طوبیٰ حسن اور عروب شاہ کی عمدہ بولنگ

ہانگ کانگ 13 جون، 2023

ایمرجنگ ویمنز ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں طوبیٰ حسن اور سیدہ عروب شاہ کی عمدہ بولنگ نے پاکستانی ویمنز ٹیم کو نیپال کے خلاف اپنے پہلے میچ میں 9 رنز کی جیت سے ہمکنار کردیا۔

ہانگ کانگ میں ہونے والے اس ٹورنامنٹ کے دوسرے دن کھیلے گئے اس میچ میں پاکستانی ویمنز ٹیم پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 19 اعشاریہ 2 اوورز میں 87 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

جواب میں پاکستانی بولرز اس کم اسکور کا دفاع کرنے میں کامیاب ہوگئیں اور نیپال کی ٹیم بیس اوورز میں 6 وکٹوں پر 78 رنز بنانے میں کامیاب ہوسکی۔

نیپال کی کپتان روبینہ چیتری نے ٹاس جیت کر پاکستان کو بیٹنگ دی لیکن پہلے ہی اوور میں ایمان فاطمہ بغیر کوئی رن بنائے کبیتا کنور کی گیند پر آؤٹ ہوگئیں۔

32 کے مجموعی اسکور پر کبیتا جوشی نے اپنے ایک ہی اوور میں صدف شمس (12) اور نتالیہ پرویز (صفر) کو آؤٹ کردیا جس کے بعد وقفے وقفے سے وکٹیں گرتی رہیں۔ گل فیروزہ 11 ۔ ناجیہہ علوی 5 اور ام ہانی ایک رن بنا سکیں۔

کپتان فاطمہ ثنا نے ایک چوکے کی مدد سے 16 رنز بنائے۔

پاکستانی ویمنز ٹیم کی اننگز میں سب سے زیادہ 28 رنز شوال ذوالفقار نے اسکور کیے جس میں ایک چوکا شامل تھا۔

نیپال کی طرف سے فاسٹ بولر اندو برما نے تین اوورز میں صرف 6 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں۔

کبیتا جوشی۔ کبیتا کنور اور سیتا رانا نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستانی بولرز کی عمدہ کارکردگی کے سامنے نیپال کی ٹیم کے لیے ہدف تک پہنچنا ممکن نہ ہو سکا اور وقفے وقفے سے گرنے والی وکٹوں نے میچ پر پاکستانی ٹیم کی گرفت مضبوط بنا دی۔

آخری اوور میں نیپال کو جیتنے کے لیے سترہ رنز درکار تھے لیکن کپتان فاطمہ ثنا نے اس اوور میں صرف سات رنز دیے۔

کبیتا کنور 20 رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔

سیدہ عروب شاہ نے 16 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔ طوبیٰ حسن نے 23 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

نیپال کی کبیتا کنور کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا انہوں نے 20 رنز بنانے کے علاوہ دو وکٹیں بھی حاصل کیں۔

پاکستانی ویمنز ٹیم اپنا دوسرا میچ جمعرات کے روز ہانگ کانگ کے خلاف کھیلے گی۔

مختصر اسکور۔

پاکستان 87 رنز آل آؤٹ (19 اعشاریہ 2 اوورز) شوال ذوالفقار 28۔ فاطمہ ثنا 16۔ اندو برما 6/ 3 وکٹ۔ کبیتا کنور 12/ 2 وکٹ۔
کبیتا جوشی 16/ 2 وکٹ۔ سیتا رانا 2/ 16 وکٹ۔

نیپال۔ 78 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (20 اوورز) کبیتا کنور 20۔ سیدہ عروب شاہ 16/ 2 وکٹ۔ طوبیٰ حسن 23/ 2 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners
Broadcast & Live Streaming Partners
Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial